بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# نصاب ریجنل اجتماع لجنہ اماء اللہ ناروے 2020

## لجنہ معیارِ اوّل (25 سال سے بڑی لجنہ)

### مقابلہ حسنِ قرأت:

سورۃ الفجر (مکمل سورۃ کی تیاری کریں)

> ججمنٹ کے قواعد:
> تلفظ کی درستگی، روانی، خوش الحانی

### مقابلہ حفظِ قرآن:

سورۃ الفجر (مکمل سورۃ کی تیاری کریں)

> ججمنٹ کے قواعد:
> حفظ، تلّفظ کی درستگی، روانی

### مقابلہ تقریر: (وقت 4 منٹ)

درج ذیل میں سے کوئی ایک عنوان منتخب کریں۔ مقابلہ تقریر ناروجین کے لیے بھی یہی عنوانات ہیں۔

1۔ اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔
2. حضور ﷺ کی بعثت کا مقصد اعلیٰ ترین اخلاق کی تکمیل
3۔ پردہ عورت کا آہنی حصار
4۔ خلافت احمدیہ اور تائیدات آسمانی

> ججمنٹ کے قواعد: موضوع کو سمجھنا۔ مواد کا موضوع کے مطابق ہونا۔
> حسب موضوع قرآن مجید۔ احادیث اور دیگر حوالہ جات کا استعمال
> تلفظ کی درستگی۔

### مقابلہ نظم: منتخب اشعار درثمین، کلامِ محمود، کلامِ طاہر، درعدّن

> ججمنٹ کے قواعد:
> ترنم/خوش الحانی۔ تلفظ کی درستگی

**درثمین:** (دیئے گئے اشعار میں سے کوئی سے تین اشعار۔ وقت اڑھائی منٹ، شعر دہرانے کی اجازت ہے)

غیر کیا جانے کہ دلبر سے ہمیں کیا جوڑ ہے
وہ ہمارا ہو گیا اس کے ہوئے ہم جاں نثار

میں کبھی آدم کبھی موسیٰ کبھی یعقوب ہوں
نیز ابراہیم ہوں نسلیں ہیں میری بے شمار

سر سے میرے پاؤں تک وہ یار مجھ میں ہے نہاں
اے مرے بدخواہ کرنا ہوش کر کے مجھ پہ وار

کیا کروں تعریف حُسن یار کی اور کیا لکھوں
اک ادا سے ہو گیا میں سَیل نَفسِ دُوں سے پار

اس رُخِ رَوشن سے میری آنکھ بھی روشن ہوئی
ہو گئے اَسرار اس دلبر کے مجھ پر آشکار

**کلام محمود:**

دید کی راہ بتائی تھی ہے تیرا احساں
اس کی تدبیر سُجھائی تھی ہے تیرا احساں

تم سے ملنے کی خدا کو بھی ہے خواہش، یہ خبر
مصطفےٰ! تو نے سنائی تھی، ہے تیرا احساں

ہفت اقلیم کو جو راکھ کئے دیتی تھی
تو نے وہ آگ بجھائی تھی ہے تیرا احساں

راہ گیروں کو بچانے کے لئے ظلمت میں
شمع اک تو نے جلائی تھی ہے تیرا احساں

جس کی گرمی سے مری روح ہوئی ہے پختہ
تو نے وہ آگ جلائی تھی ہے تیرا احساں

**کلامِ طاہر:**

ہیں آسمان کے تارے گواہ سورج چاند
پڑے ہیں ماند، ذرا کچھ بِچار کر دیکھو

ضَرور مہدی دوراں کا ہو چکا ہے ظہور
ذرا سا نور فراست نِکھار کر دیکھو

خزانے تم پہ لٹائے گا لاجرَم لیکن
بس ایک نظر عقیدت گذار کر دیکھو

بدل سکو تو بدل دو، نظامِ شمس و قمر
خلاف گردشِ لیل و نَہار کر دیکھو

خدا کی بات ٹلے گی نہیں، تم ہو کیا چیز
اٹل چٹان ہے، سر مار مار کر دیکھو

**درِّ عدن:**

مولا مرے قدیر مرے کبریا مرے
پیارے مرے حبیب مرے دلربا مرے

بار گنہ بلا ہے مرے سر سے ٹال دو
جس رہ سے تم ملو مجھے اس رہ پہ ڈال دو

اک نور خاص میرے دل و جاں کو بخش دو
میرے گناہ ظاہر و پنہاں کو بخش دو

بس اک نظر سے عقدہ دل کھول جایئے
دل لیجئے مرا مجھے اپنا بنایئے

ہے قابل طلب کوئی دنیا میں اور چیز؟
تم جانتے ہو تم سے سوا کون ہے عزیز

## نوٹ:

- اجتماع کے تمام مقابلہ جات میں عاملہ اور صدران حصہ لے سکتی ہیں۔
- مقابلہ **حسن قرات،اور نظم** میں اوّل اور دوئم آنے والی **ممبرات نیشنل** اجتماع کے مقابلہ جات میں حصہ لے سکیں گی۔
- مقابلہ **تقاریر لجنہ معیار اول ودوم صرف ریجنل اجتماع** پر ہو گا۔
- نیشنل اجتماع کے موقع پر دونوں معیاروں کے لئے سیرت رسول کریم ﷺ کے بارے میں **علمی** ریلی ہو گی جس کا نصاب بھجوادیا جائے گا۔
- ایک **ممبر** نارویجین یا اردو ایک ہی تقریر میں حصہ لے سکتی ہیں۔
- **ریجنل اور نیشنل اجتماع کے انعقاد کی تاریخیں:**
    - **ریجن آکر شوس میں** لجنہ وناصرات کا ریجنل اجتماع **مورخہ 29 فروری** کو منعقد ہو گا۔
    - **ریجن نصر اور نور ستر اند میں** لجنہ وناصرات کا ریجنل اجتماع **مورخہ 7 مارچ** کو منعقد ہو گا۔انشاءاللہ
    - لجنہ وناصرات کے **نیشنل اجتماع کا انعقاد انشاءاللہ مورخہ 15 ,14 مارچ** کو ہو گا۔

# نصاب ریجنل اجتماع لجنہ اماء اللہ ناروے 2020

## لجنہ معیارِ دوئم (15سے 25سال کی ممبرات)

### مقابلہ حسنِ قرات:

سورۃ الغاشیہ

ججمنٹ کے قواعد:
تلفظ کی درستگی، روانی، خوش الحانی

### مقابلہ حفظ قرآن:

سورۃ الغاشیہ

ججمنٹ کے قواعد:
حفظ، تلّفظ کی درستگی، روانی

### مقابلہ تقریر: وقت 4منٹ

(درج ذیل میں سے کوئی ایک عنوان منتخب کریں۔ مقابلہ تقریر ناروجین کے لئے بھی یہی عنوانات ہیں۔)

ا ۔ محبت رسول ﷺ ایمان کا حصہ ہے
2۔ اسلام میں حیا کا تصور
3۔ قمر ہے چاند اوروں کا ہمارا چاند قرآں ہے
4. نمازوں کی حفاظت اوراس کی برکات

ججمنٹ کے قواعد: موضوع کو سمجھنا۔ مواد کا موضوع کے مطابق ہونا۔ حسب موضوع قرآن مجید۔ احادیث۔ اور دیگر حوالہ جات۔
تلفظ کی درستگی

### مقابلہ نظم: منتخب اشعار درثمین، کلامِ محمود، کلامِ طاہر، درعدّن

**درثمین** (دی گئی نظموں میں سے کوئی سے تین اشعار۔ وقت اڑھائی منٹ، شعر دہرانے کی اجازت ہے)

ججمنٹ کے قواعد:
ترنم/خوش الحانی۔ تلفظ کی درستگی

کس قدر ظاہر ہے نور اس مبدأ الانوار کا
بن رہا ہے سارا عالم آئینہ ابصار کا

چاند کو کل دیکھ کر میں سخت بے کل ہوگیا
کیونکہ کچھ کچھ تھا نشاں اس میں جمال یار کا

ہے عجب جلوہ تری قدرت کا پیارے ہر طرف
جس طرف دیکھیں وہی رہ ہے ترے دیدار کا

تیری قدرت کا کوئی بھی انتہا پاتا نہیں
کس سے کھل سکتا ہے پیچ اس عقدۂ دشوار کا

آنکھ کے اندھوں کو حائل ہو گئے سو سو حجاب
ورنہ تھا قبلہ ترا رخ کافر و دیندار کا

شور کیسا ہے ترے کوچہ میں لے جلدی خبر
خوں نہ ہو جائے کسی دیوانہ مجنوں وار کا

## کلام محمود

یوں اندھیری رات میں اے چاند تو چمکا نہ کر　　حشر اک سیمیں بدن کی یاد میں برپا نہ کر
کیا لبِ دریا مری بے تابیاں کافی نہیں　　تو جگر کو چاک کر کے اپنے یوں تڑپا نہ کر
اے شعاعِ نور یوں ظاہر نہ کر میرے عیوب　　غیر ہیں چاروں طرف ان میں مجھے رسوا نہ کر
ہے محبت ایک پاکیزہ امانت اے عزیز　　عشق کی عزّت ہے، واجب عشق سے کھیلا نہ کر
ہے عمل میں کامیابی موت میں ہے زندگی　　جا لپٹ جا لہر سے دریا کی کچھ پروا نہ کر

## کلامِ طاہر

اک رات مفاسد کی وہ تیرہ و تار آئی　　جو نور کی ہر مَشعل ظلمات پہ وار آئی
تاریکی پہ تاریکی، گمراہی پہ گمراہی　　ابلیس نے کی اپنے لشکر کی صف آرائی
تب عرشِ مُعلّٰی سے اک نور کا تخت اترا　　اک فوج فرشتوں کی ہمراہ سوار آئی
اک ساعت نورانی، خورشید سے روشن تر　　پہلو میں لئے جلوے بے حد و شمار آئی
کافور ہوا باطل، سب ظلم ہوئے زائل　　اس شمس نے دکھلائی جب شان خود آرائی

## درِّ عدن

نہ روک راہ میں مولا! شتاب جانے دے　　کھلا تو ہے تری ''جنت کا باب'' جانے دے
مجھے تو دامن رحمت میں ڈھانپ لے یوں ہی　　حساب مجھ سے نہ لے ''بے حساب'' جانے دے
سوال مجھ سے نہ کر اے مرے سمیع و بصیر　　جواب مانگ نہ اے ''لاجواب'' جانے دے
مرے گنہ تری بخشش سے بڑھ نہیں سکتے　　ترے نثار حساب و کتاب جانے دے
تجھے قسم ترے ''ستار'' نام کی پیارے　　بروئے حشر سوال و جواب جانے دے

## نوٹ:

- ❖ اجتماع کے تمام مقابلہ جات میں عاملہ اور صدران حصہ لے سکتی ہیں۔
- ❖ مقابلہ **حسن قرات،اور نظم** میں اوّل اور دوئم آنے والی **ممبرات نیشنل** اجتماع کے مقابلہ جات میں حصہ لے سکیں گی۔
- ❖ مقابلہ **تقاریر لجنہ معیار اول ودوم صرف ریجنل اجتماع** پر ہو گا۔
- ❖ نیشنل اجتماع کے موقع پر دونوں معیاروں کے لئے سیرت رسول کریم ﷺ کے بارے میں علمی ریلی ہو گی جس کا نصاب بھجوادیا جائے گا۔
- ❖ ایک **ممبر** نارویجین یا اردو ایک ہی تقریر میں حصہ لے سکتی ہیں۔
- ❖ **ریجنل اور نیشنل اجتماع کے انعقاد کی تاریخیں:**
  - **ریجن آکر شوس میں** لجنہ وناصرات کا ریجنل اجتماع **مورخہ 29 فروری** کو منعقد ہو گا۔
  - **ریجن نصر اور نور ستر اند میں** لجنہ وناصرات کا ریجنل اجتماع **مورخہ 7 مارچ** کو منعقد ہو گا۔انشاءاللہ
  - لجنہ وناصرات کے **نیشنل اجتماع کا انعقاد انشاءاللہ مورخہ 15 ,14 مارچ** کو ہو گا۔

شعبہ تعلیم لجنہ اماءاللہ ناروے